3+ Review

Urdu translation of 3+ Review

Early Intervention
Transformation Programme

معزز والدین

تمام پری سکول بچوں کو سکول کا دورہ کرنے والی ہیلتھ وزیٹر کی طرف سے صحت کا جائزہ لینے کی پیشکش کی جاتی ہے.

یہ آپ کے بچے کی زندگی میں ایک اہم وقت ہے. یہ ضروری ہے کہ آپ کا بچہ پُراعتماد، قابل اعتبار اور متجسس بننا سیکھ لے اور تعلقات کو فروغ دینے اور سیکھنے کے قابل ہو.

جلد ہی آپ اور آپ کے بچے کو ہیلتھ وزیٹر کے ساتھ ایک اجلاس میں مدعو کیا جائے گا تاکہ آپ کے بچے کی نشوونما کے بارے میں بحث کی جائے.

یہ واقعی ضروری ہے کہ آپ کا بچہ سیکھنے سے لطف اندوز ہو. یہ اجلاس آپ کو آپ کے بچے کی سماجی اور جذباتی نشوونما پر تبادلۂ خیال کرنے کا ایک موقع فراہم کرے گا. جتنا آپ اپنے بچے کی صحت اور ترقی کے بارے میں جان لوگے اتنا آپ کو اس کی مدد کرنا آسان ہوگا.

اگر آپ کا بچہ پہلے سے ہی مختلف صحت اور تعلیم کی خدمات سے امداد حاصل کررہا ہے تو ہم پھر بھی اسے 3+ جائزہ میں شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کریں گے.

آپ کے پری اسکول کے پرنسپل/رہنما آپ کو ہیلتھ وزیٹر کے ساتھ 3+ جائزہ لینے کے سلسلے میں ایک اپوائنٹمنٹ طے کرنے کے بارے میں معلومات فراہم کرے گا۔ اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہوتی ہے تو براہِ کرم ہمیں بتائیں کیونکہ اس کی پہلے سے بکنگ کرنی پڑتی ہے۔

- یہ آپ کے پری اسکول/نرسری میں منعقد کی جائے گی۔
- برائے مہربانی اپنے بچے کی سرخ کتاب (PCHR) لے کر آئیں۔

ارلی انٹروینشن ٹرانسفارمیشن پروگرام (ابتدائی مداخلت پروگرام برائے منتقلی) (EITP) ناردرن آئر لینڈ ایگزیکٹو/اٹلانٹک فلانتھروپیز کا ڈلیورنگ سوشل چینج سگنیچر پروگرام ہے جسے DoH (ادارہ صحت)، DE (محکمہ تعلیم) DoJ (محکمہ عدل انصاف) DfC (ادارہ برائے عوامی امور)، DfE (شعبہ معیشت) اور اٹلانٹک فلانتھروپیز مشترکہ طور پر فنڈ فراہم کرتے ہیں۔

EITP کا مقصد ہے کہ ابتدائی مداخلت کے طریقوں کے ذریعے پورے شمالی آئر لینڈ میں بچوں اور نوجوانوں کے لئے نتائج کو بہتر بنایا جائے۔

HSC Health and Social Care
Early Intervention Transformation Programme
The ATLANTIC Philanthropies
Northern Ireland Executive
www.northernireland.gov.uk
DELIVERING SOCIAL CHANGE
09/18
www.publichealth.hscni.net (لوکل ریٹ) 0300 555 0114 :ٹیلیفون 12–22 Linenhall Street, Belfast BT2 8BS **Public Health Agency**